وزیراعظم اور برطانیہ کے وزیراعظم نے (جولائی 24، 2025) کو بھارتی اور برطانوی کاروباری رہنماؤں سے ملاقات کی

جولائی 24، 2025

وزیر اعظم جناب نریندر مودی اور برطانیہ کے وزیر اعظم جناب کیئر اسٹارمر نے آج بھارت اور برطانیہ کے کاروباری رہنماؤں سے ملاقات کی۔ دونوں رہنماوں کی یہ ملاقات تاریخی بھارت-برطانیہ جامع اقتصادی و تجارتی معاہدے (سی ای ٹی اے) پر دستخط کے بعد ہوئی. صحت، دواسازی، جواہرات اور زیورات، آٹوموبائل، توانائی، مینوفیکچرنگ، ٹیلی مواصلات، ٹیکنالوجی، آئی ٹی، لاجسٹکس، ٹیکسٹائل اور مالیاتی خدمات کے شعبوں کے دونوں اطراف سے انڈسٹری قائدین اس ملاقات کے دوران موجود تھے. یہ تمام شعبے دونوں ملکوں میں روزگار کے مواقع پیدا کرنے اور جامع اقتصادی ترقی میں نمایاں کردار ادا کرتے ہیں.

2. دونوں رہنماؤں نے حالیہ برسوں میں دو طرفہ تجارت اور سرمایہ کاری کے تعلقات میں ہونے والی توسیع کا اعتراف کیا. کاروباری رہنماؤں سے بات چیت کرتے ہوئے، انہوں نے سی ای ٹی اے سے حاصل ہونے والے مواقع کی مکمل صلاحیت کو بروئے کار لانے کی ترغیب دی تاکہ تجارت، سرمایہ کاری اور اختراع میں شراکت داری کو مزید گہرا کیا جا سکے. اقتصادی ترقی کو دو طرفہ تعاون کے ذریعہ فروغ دینے کے اپنے مشترکہ عزم کا اعادہ کرتے ہوئے، دونوں رہنماؤں نے اس نئے معاہدے کو دونوں معیشتوں اور عالمی اقتصادی منظرنامے میں کاروباری اعتماد کو فروغ دینے والا قرار دیا. سی ای ٹی اے کے ٹھوس فوائد کو اجاگر کرتے ہوئے، دونوں رہنماؤں نے دونوں ممالک کے فلیگ شپ مصنوعات اور جدید اختراعات کی نمائش کا معائنہ کیا. جس میں جواہرات و زیورات، انجینئرنگ مصنوعات، معیاری صارف اشیاء اور جدید ٹیکنالوجی پر مبنی حل شامل تھے.

3. بھارت اور برطانیہ کے کاروباری رہنماؤں نے تاریخی تجارتی معاہدے کا خیرمقدم کیا اور امید جتائی کہ یہ ہمہ جہت اسٹریٹجک شراکت داری کے ایک نئے دور کا آغاز کرے گا، جو نہ صرف تجارت اور معیشت بلکہ ابھرتی ہوئی ٹیکنالوجیز، تعلیم، اختراع، تحقیق اور صحت کے شعبوں میں بھی تعاون کو مزید مضبوط کرے گا.

4. دونوں رہنماؤں نے کاروباروں—چھوٹے ہوں یا بڑے—کی معاونت کے اپنے عزم کا اعادہ کیا تاکہ وہ نئے معاہدے کی صلاحیت سے فائدہ اٹھا سکیں اور آنے والے برسوں میں اقتصادی تعاون کے رشتوں کو مزید مضبوط بنا سکیں.

لندن
جولائی 24، 2025